© rasailojaraid.com



## جامعہ میں سولھویں سالانہ تقریب صحیح بخاری شریف واہلحدیث کانفرنس

مورخہ ۲۲ اکتوبر ۹۹ء بمطابق ۱۲ رجب ۱۴۲۰ھ بروز جمعۃ المبارک کو جامعہ کی سولھویں سالانہ تقریب صحیح بخاری شریف منعقد ہوئی۔ پروگرام کا آغاز خطبہ جمعۃ المبارک سے ہوا جو کہ جامعہ میں قاری عبدالرحیم کلیم صاحب خطیب ڈیرہ غازی خان نے علم کی فضیلت کے عنوان پر ارشاد فرمایا۔ نماز جمعہ کے فوراً بعد شیخ الحدیث حضرت مولانا پیر محمد یعقوب قریشی صاحب نے صحیح بخاری شریف کی آخری حدیث پر فاضلانہ درس ارشاد فرمایا۔ نماز عصر کے بعد محقق العصر حضرت مولانا حافظ زبیر علی زئی خطیب حضرو (اٹک) نے امام محمد بن اسماعیل بخاریؒ کی سیرت و فقاہت کے عنوان پر خطاب فرمایا آخر میں حافظ زبیر صاحب نے حاضرینِ تقریب کے سوالات کے جوابات دیئے۔

رئیس الجامعہ علامہ محمد مدنی صاحب کی دعائے خیر سے تقریب اختتام کو پہنچی یاد رہے کہ اس مرتبہ ۱۵ خوش نصیب طلباء نے سند فراغت حاصل کی جن میں دو طلباء کا تعلق لبنان اور ایک انڈونیشیا سے ہے۔ شعبہ حفظ سے ۲۰ طلباء نے قرآن مجید مکمل حفظ کیا۔ اللہ تعالیٰ انکے علم و عمل میں برکت عطا فرمائے۔ اور ان سے دین کا کام لے۔ آمین

## جامعہ اثریہ للبنات جہلم کا بائیسواں سالانہ عظیم الشان اجتماع

مورخہ ۹، ۱۰ اکتوبر بروز ہفتہ، اتوار جامعہ اثریہ للبنات سالانہ اجتماع جامعہ کے وسیع سبزہ زار میں منعقد ہوا۔ اور جامعہ اثریہ للبنات میں پہلی مرتبہ اختتام بخاری شریف کے مبارک موقع پر تقریب صحیح بخاری شریف منعقد ہوئی بخاری شریف کی آخری حدیث پر فاضلانہ درس رئیس الجامعہ علامہ محمد مدنی صاحب نے ارشاد فرمایا۔ علامہ صاحب نے درس بخاری جامعہ کے دفتر میں بیٹھ کر دیا۔ وہاں سے لاؤڈ سپیکر کے ذریعے آواز مستورات تک پہنچائی گئی۔ اجتماع کے پہلے روز آل پاکستان جامعات اور مدارس کی طالبات کے درمیان انعامی تقریری مقابلہ ہوا اور آخری اجلاس میں فارغ ہونے والی طالبات کو اسناد فراغت تقسیم کی گئیں۔ یہ اجلاس حاضری اور تقاریر کے لحاظ سے کامیاب رہا۔

## مرکزی جمعیت اہلحدیث خورد کے زیر اہتمام جلسہ

گزشتہ دنوں جامع مسجد اہلحدیث خورد میں ایک عظیم الشان جلسہ منعقد ہوا۔ جلسے کا اہتمام مقامی جمعیت اہلحدیث نے کیا تھا۔ جلسہ کی صدارت مدیر الجامعہ حافظ عبدالحمید عامر نے کی جلسہ سے مولانا محمد حسین مدنی، مولانا محمد یوسف پسروری نے خطاب کیا۔ جہلم سے محمود مرزا جہلمی نے شرکت کی۔ (نشاط احمد خورد جہلم)



© rasailojaraid.com